5526-قرآن مجید کے مقابلے اور انعام کا حکم

سوال

بچوں کو شوق دلانے اور ابھارنے کے لیے قرآن مجید کا انعامی مقابلہ کرانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب اس کا مقصد بچوں کو چھوٹی عمر میں ہی قرآن مجید حفظ کرانے کا شوق دلانا ہو تو اس طرح کے مقابلے کرانا اچھی بات ہے ، اور اس میں انہیں انعام و کرام اور ہدایا جاتا سے نواز کر قرآن مجید پڑھنے کا شوق دلانے میں آپ کو اجر و ثواب حاصل ہوگا ، اور پھر یہ نیکی و بھلائی میں ایک دوسرے کے تعاون میں بھی شامل ہوتا ہے ، اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{اور تم نیکی و بھلائی اور تقوی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرتے رہو} المائدة.

واللہ اعلم.